Telephone Conversation between Prime Minister and His Majesty the King of Saudi Arabia

September 09, 2020

وزیر اعظم اور سعودی عرب کے عالی جاہ بادشاہ کے مابین ٹیلی فون پر گفتگو

ستمبر 09، 2020

وزیر اعظم جناب نریندر مودی نے آج عالی جاہ شاہ سلمان بن عبد العزیز آل سعود سے فون پر بات چیت کی۔

دونوں رہنماؤں نے کووڈ 19 وبائی مرض کے تناظر میں عالمی چیلنجوں کے بارے میں تبادلہ خیال کیا۔

وزیر اعظم نے جی 20 گروپ کے موجودہ صدارت کے دوران سعودی عرب کی فراہم کردہ قیادت کو سراہا۔ رہنماؤں نے اتفاق کیا کہ جی 20 کی سطح پر اٹھائے گئے اقدامات سے وبائی مرض سے نپٹنے کے لئے ایک مربوط رسپانس کو فروغ دینے میں مدد ملی ہے۔ انہوں نے جی 20 کے ایجنڈے میں موجودہ اہم ترجیحات پر بھی تبادلہ خیال کیا۔

دونوں رہنماؤں نے ہندوستان اور سعودی عرب کے مابین دوطرفہ تعلقات کی موجودہ صورتحال پر اطمینان کا اظہار کیا، اور تمام شعبوں میں تعاون کو مزید مستحکم کرنے کا عزم کیا۔ وزیر اعظم نے کووڈ 19 وبائی مرض کے دوران سعودی حکام کی جانب سے ہندوستانی تارکین وطن کو فراہم کی جانے والی امداد پر عالی جاہ شاہ سلمان کا خصوصی شکریہ ادا کیا۔

وزیر اعظم نے عالی جاہ شاہ سلمان بن عبد العزیز آل سعود کے ساتھ ساتھ سعودی عرب کے شاہی کنبہ کے دیگر ممبران اور مملکت کے تمام شہریوں کی صحت وتندرستی کے لئے نیک خواہشات کا اظہار کیا۔

نئی دہلی

ستمبر 09، 2020

DISCLAIMER: This is an approximate translation. The original is available in English on MEA's website and may be referred to as the official press release.